ابنائے دیوبند کی صحافی سرگرمیوں میں اس اخبار کا اجراء ایک جدید اضافہ ہے۔ مذہبی اور سیاسی مسائل پر سنجیدہ اظہار خیال اور دارالعلوم کے مقاصد کی حمایت اس کا مسلک ہے۔ (ا - م)

الرضوان | ماہوار۔ زیر ادارت جناب محمد عسکری صاحب نقوی۔ چندہ سالانہ چار روپیہ۔ مقام اشاعت لکھنؤ

حضرات اہل تشیع کی جانب سے یہ رسالہ حال میں جاری ہوا ہے زیادہ تر مذہبی مضامین ہوتے ہیں، اور دوسرے علمی و سیاسی مضامین کو بھی جگہ دیجاتی ہے۔ مولانا سید علی نقی صاحب کا ایک مسلسل مضمون "تفسیر القرآن" کے عنوان سے شائع ہو رہا ہے۔ (ا - م)۔

اجتماع | ہفتہ وار۔ زیر ادارت جناب ہلال احمد صاحب زبیری۔ چندہ سالانہ تین روپیہ مقام اشاعت: دہلی۔

ایک متوسط درجہ کا سیاسی و ادبی پرچہ ہے۔ مضامین میں کافی تنوع پایا جاتا ہے بعض مضامین مفید معلومات پر مشتمل ہوتے ہیں، اور بعض دلچسپ۔ تقریباً چار صفحات تصویروں کے لیے وقف ہیں۔ مگر افسوس کہ فلم اسٹاروں کی تصویروں اور سینما کے مناظر کو یہاں بھی جلب انظار و جذب توجہات کا ذریعہ بنایا گیا ہے۔ "الجمعیت" کے ایڈیٹر سے تو دنیا یہ توقع نہیں رکھتی کہ وہ بھی اس فتنہ کی اشاعت میں حصہ لیں گے۔ (ا - م)۔

داے دہلی | ہفتہ وار۔ زیر نگرانی جناب اشفاق احمد صاحب زاہدی۔ چندہ سالانہ پانچ روپیہ مقام اشاعت قرول باغ۔ دہلی۔

ایک مصور سیاسی و اجتماعی پرچہ ہے جو حال میں دہلی سے جاری ہوا ہے۔ سیاسی خیالات میں کافی آزاد خیالی پائی جاتی ہے۔ مفید علمی مضامین اور دلچسپ افسانے بھی شائع ہوتے رہتے ہیں۔ (ا - م)

تسکین الفواد بذکر المیلاد | از حضرت مولانا شاہ حبیب حیدر، ضخامت ۵۲ صفحے۔ ملنے کا پتہ قاضی انتظام علی خان صاحب، محلہ قاضی گڑھی، کاکوری، ضلع لکھنؤ۔